**01.04.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... آسیہ میمونہ

**Music**

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے نئی دہلی میں چلی کے صدر، Gabriel Boric Font کے ساتھ بات چیت کی۔ دونوں ممالک نے متعدد معاہدوں پر دستخط کئے۔

☆ صدرجمہوریہ دروپدی مرمو نے ڈیجیٹل ادائیگیوں کے نظام میں بھارت کو ایک عالمی رہنما بنانے میں RBI کی کوششوں کی ستائش کی۔

☆ حکومت نے کہا ہے کہ وقف ترمیمی بل کسی کی جائیداد ضبط کرنے کی کوشش نہیں ہے بلکہ انصاف کو یقینی بنانے کا ارادہ رکھتا ہے۔

☆ بھارت نے میانما میں زلزلے سے متاثرہ افراد کے لیے انسانی امداد کی فراہمی میں تیزی لائی ہے۔بھارتی بحریہ کے مزید تین جہاز بشمول C-130J طیارے امدادی سامان کے ساتھ روانہ ہوئے۔

☆ اور آئی پی ایل ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں
آج شام لکھنؤ میں لکھنؤ سُپر جائنٹس کا مقابلہ پنجاب کنگز سے ہوگا۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Day-Chile Prez Visit**

وزیر اعظم نریندر مودی نے Chile کے صدر Gabriel Boric Font کے ساتھ بات چیت کی، جس میں انہوں نے بھارت-چلّی کے تعلقات کے تمام پہلوؤں پر بات چیت کی۔ مذاکرات کے دوران متعدد معاہدوں پر دستخط کئے گئے۔ اس سے پہلے آج جناب Boric نے راج گھاٹ پر مہاتما گاندھی کی سمادھی پر انہیں خراج عقیدت پیش کیا۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے

شنکر نے بھی صدر Boric سے ملاقات کی اور بھارت-چلّی کے درمیان تعاون کو مضبوط کرنے کے ان کے عزم کی ستائش کی۔ ڈاکٹر جے شنکر نے چلّی کے صدر اور وزیر اعظم نریندر مودی کے درمیان آج ہونے والے تبادلۂ خیال پر اس اعتماد کا اظہار کیا کہ اس سے دونوں ملکوں کے درمیان نئی شراکت داری اور دو طرفہ تعلقات کی راہ ہموار ہوگی۔

صدر Font آج شام راشٹرپتی بھون میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سے بھی ملاقات کریں گے، جنہوں نے ان کیلئے ایک ضیافت کا انتظام کیا ہے۔ چلّی کے صدر بھارت کے پانچ روزہ دورے پر آج نئی دلی پہنچے ہیں۔

**Prez. RBI**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمونے کہا ہے کہ بھارتیہ ریزرو بینک RBI نے ملک کے ادائیگیوں سے متعلق بنیادی ڈھانچے کو مسلسل جدید بنا کر نیز ایک متحرک مالیاتی ٹیکنالوجی ایکو سسٹم کو فروغ دے کر ڈیجیٹل ادائیگیوں میں بھارت کو ایک عالمی رہنما بنانے میں کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ آج ممبئی میں RBI کے 90 سال مکمل ہونے پر یادگاری پروگرام کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے اجاگر کیا کہ گزشتہ 9 دہائی کے دوران مرکزی بینک کا سفر حکومت کے وژن اور پالیسیوں سے پوری طرح ہم آہنگ ہے۔

انہوں نے زور دیا کہ بھارت اپنی آزادی کے سو سال مکمل ہونے کے قریب پہنچ رہا ہے، ایسے میں وکست بھارت 2047 کا مشن ایک ایسے مالیاتی ایکو سسٹم کا مطالبہ کرتا ہے جو اختراعی ہو، اپنانے کے قابل ہو اور سب کیلئے قابل رسائی ہو۔

صدر جمہوریہ مرمو نے مالیاتی ایکو سسٹم کو مضبوط بنانے میں RBI کے تعاون کا بھی اعتراف کیا۔

**SB- Prez- Digital RBI**

**Joshi Waqf**

مرکزی وزیر پرہلاد جوشی نے آج کہا کہ وقف ترمیمی بل کا مقصد کسی کی جائیداد کو ضبط کرنا نہیں ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس بل کا مقصد انصاف کو یقینی بنانا ہے۔ پارلیمنٹ کے باہر نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے جناب جوشی نے اپوزیشن پر بل سے متعلق عوام کو گمراہ کرنے کا الزام لگایا۔

**SB- Pralhad Joshi**

بی جے پی کے رکن پارلیمنٹ دنیش شرما نے بھی بل کا دفاع کیا اور الزام لگایا کہ بل کی مخالفت کرنے والے آئین کے خلاف جا رہے ہیں۔ اس دوران سماج وادی پارٹی کے صدر اکھلیش یادو نے آج بی جے پی پر الزام لگایا کہ وہ وقف ترمیمی بل کے تعلق سے ایک مخصوص اقلیتی گروپ کو گمراہ کر رہی ہے۔

پارلیمنٹ کے باہر صحافیوں سے بات کرتے ہوئے جناب یادو نے کہا کہ ان کی پارٹی اس بل کی مخالفت کرتی ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ چاہے جی ایس ٹی ہو، نوٹ بندی ہو یا دیگر فیصلے، بی جے پی کے اقدامات کا مقصد لوگوں سے مسلسل کچھ چھیننا ہے۔ کانگریس کے رکن پارلیمنٹ اُجول رَمن نے کہا کہ وقف ترمیمی بل پر تفصیلی بحث ہونی چاہئے اور اسے جلد بازی میں پاس نہیں کیا جانا چاہئے۔

**SB- Ujjawal Raman**

**Amit Shah**

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ حکومت نکسل سے پاک بھارت کی تعمیر کے لیے بڑی کوشش کررہی ہے۔ انہوں نے اس بات کو اجاگر کیا کہ ملک نے بائیں بازو کی انتہا پسندی سے سب سے زیادہ متاثرہ اضلاع کی تعداد کو 12 سے کم کرکے صرف چھ کر کے ایک نیا سنگ میل حاصل کیا ہے۔ وزیر داخلہ نے زور دے کر کہا ہے کہ حکومت نکسل ازم کے خلاف مستحکم نظریے کے ساتھ ایک سشکت، سُرکشِت اور سمرِدھ بھارت کی تعمیر کر رہی ہے اور ملک کی ہمہ گیر ترقی کو یقینی بنا رہی ہے۔ جناب امت شاہ نے مزید کہا کہ بھارت 31 مارچ 2026 تک نکسل ازم کو مکمل طور پر جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے لیے پرعزم ہے۔

**Jaishankar Myanmar**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ آپریشن برہما کے تحت بھارتی فضائیہ کا ایک C-130 طیارہ آج صبح 16 ٹن ضروری انسانی امداد، چاول اور ضروری اشیائے خوردونوش لے کر دلی سے منڈالے کے لئے روانہ ہوا۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی بحریہ کا ایک جہاز آئی این ایس گھڑیال بھی 442 میٹرک ٹن ضروری اشیائے خوردونوش کے ساتھ وشاکھاپٹنم سے روانہ ہوا۔ ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ منڈالے میں بھارتی فوج فیلڈ اسپتال یونٹ نے اپنا کام کاج شروع کردیا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

**VC- Anupam**

آپریشن برہما کے تحت بھارت کی مدد کو میانمار کے ساتھ بھارت کے پرانے تعلقات کے علاوہ پڑوسی مقدم، مشرق نواز اور ساگر جیسی پالیسیوں سے بھی رہنمائی حاصل ہے۔ خطے میں قدرتی آفات کے دوران مدد فراہم کرنے والے پہلے ملک کے طور پر بھارت 29 مارچ سے میانما اور اس کے عوام کی مدد کررہا ہے اور وہ ہنگامی امداد، بچاؤ کاری اور طبی پیشہ ور افراد کی ایک ٹیم کے علاوہ خوراک، پانی، خیمے، ادویات

اور ضروری سامان سمیت امدادی سامان تیزی سے بھیج رہا ہے۔ ایک بیان میں بھارت کے سفارت خانے نے کہا ہے کہ وہ میانمار کے حکام اور متعلقہ فریقوں کے ساتھ آنے والے ہفتوں میں تعاون جاری رکھنے کے لیے مصروف ہے کیونکہ میانمار مکمل نقصان کا اندازہ لگا رہا ہے اور اپنی بازآبادکاری کی کوششیں شروع کررہا ہے۔

اس دوران میانمار میں گزشتہ ہفتے آئے سات اعشاریہ سات شدت کے تباہ کن زلزلے میں مرنے والوں کی تعداد دو ہزار سے تجاوز کر گئی ہے۔ میانمار کی فوجی قیادت نے کہا ہے کہ تباہ کن زلزلے میں اب تک دو ہزار 56 سے زیادہ افراد اپنی جان گنوا بیٹھے ہیں جبکہ تین ہزار 900 سے زائد افراد زخمی ہوئے ہیں۔ اسی طرح 270 افراد ابھی تک لاپتہ ہیں۔ تھائی لینڈ، ویتنام، لاؤس اور جنوب مغربی چین میں بھی زلزلے کے شدید جھٹکے محسوس کیے گئے تھے۔

انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں۔۔۔۔۔۔۔

بھارت نے آپریشن برہما کے تحت، قدرتی آفات سے نمٹنے کی غرض سے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر 50 ٹن راحتی سامان کُل میانمار حکام کے سپرد کئے ہیں۔

یہ راحتی سامان INS سَت پورہ اور INS ساوتری کے ذریعہ وہاں پہنچایا گیا۔ Yangon میں بھارتی سفارتخانہ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ بھارتی فضائیہ کے 6 طیاروں اور بھارتی بحریہ کے پانچ جہازوں کے ذریعہ بھارت کی جانب سے بڑے پیمانے پر دی گئی یہ پہلی امداد یانگون، Naypyitaw اور Mandalay پہنچائی گئی ہے۔

**KHADSE-ESPORT**

نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کی وزیرمملکت رَکشا نِکھل کھڑسے نے آج نئی دہلی میں ای اسپورٹس کانکلیو 2025 کا افتتاح کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے ای اسپورٹس کو ایک ابھرتے ہوئے شعبے کے طور پر اجاگر کیا اور اس کے فروغ کے لیے حکومت کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی ملک میں کھیلوں کی مضبوط ثقافت کو فروغ دینے کے لیے پُرعزم ہیں۔ وزیر موصوف نے کہا کہ کھیل کود کی تیز رفتار ترقی کے ساتھ، بھارت میں ٹیکنالوجی کے میدان میں نمایاں طور پر آگے بڑھنے کی صلاحیت ہے۔ آکاشوانی نیوز سے خصوصی بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس طرح کے کانکلیو سے وزارت کھیل کو کھیلوں کے مختلف پہلوؤں کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے۔

یہ کانکلیو بھارت کو ڈیجیٹل کھیلوں کے انقلاب میں سب سے آگے بنانے پر مرکوز ہے اور مسابقتی گیمنگ کے اس نئے دور کو قبول کرنے کے لیے پوری طرح تیار ہے۔ عالمی قیادت کے لیے راہ کی تشکیل کے موضوع پر منعقدہ یہ کانکلیو ای-اسپورٹس کو

آتم نربھر بھارت میں ضم کرنے کے طور طریقے تلاش کرے گا، جس سے بھارت کو گیمنگ ایکوسسٹم میں عالمی سطح پر ایک بڑے کھلاڑی کی حیثیت حاصل ہوگی۔

**IPL CRICKET**

IPL ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں، آج لکھنو کے اِکانہ کرکٹ اسٹیڈیم میں لکھنو سپر جائنٹس کا مقابلہ پنجاب کنگ سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔ دونوں ٹیموں کے پاس دو دو پوائنٹس ہیں۔لکھنؤ تیسرے اور پنجاب پانچویں مقام پر ہے۔

لکھنو نے اپنا آخری میچ سن رائزرس حیدرآباد کے خلاف پانچ وکٹ سے جیتا تھا لیکن وہ ڈیلی کیپٹلس سے ایک وکٹ سے ہار گیاتھا۔ جبکہ دوسری طرف پنجاب نے گجرات ٹائٹنس کو11رن سے شکست دی تھی۔

کل رات وانکھیڑے اسٹیڈیم میں ممبئی انڈینس نے کولکاتہ نائٹ رائیڈرس کو آٹھ وکٹ سے ہرایا۔

کولکاتہ نائٹ رائڈرس نے میزبان ممبئی انڈینس کے سامنے جیت کیلئے 117 رَن کا نشانہ رکھا تھا۔لیکنکولکاتہ نائٹ رائیڈرس 16 اعشاریہ دو اوورس میں 116 رَن بناکر آؤٹ ہوگئی۔

ممبئی انڈینس کی ٹیم ٹورنامنٹ میں اپنا پہلا میچ جیتنے کیلئے جدوجہد کررہی ہے کیونکہ اپنے سابقہ میچوں میں اسے گجرات ٹائٹنس اور چنئی سُپر کنگس نے ہرا دیا تھا۔ x

**Hockey - Vandana**

بھارتی خواتین ہاکی ٹیم کی سرکردہ کھلاڑی Vandana Katariya نے باضابطہ طور پر بین الاقوامی ہاکی سے اپنی ریٹائرمنٹ کا اعلان کیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی ان کے 15 سالہ شاندار کیریئر اختتام پذیر ہو جائے گا۔

320 بین الاقوامی مقابلے اور 158 گولز ان کے نام ہیں۔ اپنی ان کارکردگی کے ساتھ وندنا بھارتی خواتین ہاکی میں سب سے زیادہ میچ کھیلنے والی کھلاڑی ہیں۔ 32 سالہ وندنا نے 2009 میں سینیئر ٹیم میں اپنے کھیل کا آغاز کیا تھا، جو کھیلوں کی دنیا کے بہت ہی اہم لمحوں کا حصہ رہی ہیں۔ جس میں 2020 کے ٹوکیو اولمپکس میں بھارتی ہاکی ٹیم کا چوتھا مقام حاصل کرنا بھی شامل ہے، جس میں وہ Hat trick واحد بھارتی کھلاڑی تھیں۔x

**Hockey Asia Cup**

بہار کا راج گیر اس سال اگست میں ہیرو ایشیا کپ ہاکی 2025 کی میزبانی کرے گا۔

ہاکی انڈیا اور بہار اسٹیٹ اسپورٹس اتھارٹی نے اس سلسلے میں Patliputra Sports Complex میں ایک مفاہمت نامے پر دستخط کئے ہیں۔ یہ ٹورنامنٹ 29 اگست سے 7 ستمبر تک حال ہی میں تیار کئے گئے راج گیر ہائی اسٹیڈیم میں کھیلا

جائے گا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆